حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● کتاب: صحابہ کرام کا اسلوب دعوت وتبلیغ   مصنف: پروفیسر محمد اکرم ورک

ضخامت: ۳۵۲ صفحات   قیمت: ۱۳۵ روپے   ناشر: مکتبہ جمال کرم ۹ رمرکز الاولیس ستا ہوٹل دربار مارکیٹ۔ لاہور

جیسا کہ کتاب کے نام سے عیاں ہے اس میں مختلف صحابہ کرام کے طرز تبلیغ اور اسلوبِ دعوت کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ نبوت' حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر ختم ہے۔ ان کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ لہٰذا تبلیغ دین کی ذمہ داری اب امت کا فریضہ ہے۔ جس طرح رسولِ کریم ﷺ نے امت کے سامنے حق کی گواہی دی اسی طرح اس امت کو دوسروں کے سامنے حق کی گواہی دینا ہوگی۔ گویا تبلیغ دین کا فریضہ اب امت کے ہر فرد پر لازم ہے۔ یہ صرف اور صرف علماء کا کام نہیں۔ دین کی باتوں کا دوسروں تک ابلاغ بہت ضروری ہے۔ جیسا کہ رسولِ کریم ﷺ نے اسلامی تعلیمات کو صرف اپنے تک محدود نہیں رکھا' اسی طرح قرآن مجید کے مطابق نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا ہر مسلمان کا فریضہ ہے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اسوۂ رسول اکرم ﷺ کا نمونہ کامل تھے۔ جس طرح انہوں نے حکمت وموعظت کے ساتھ اسلام کی دعوت وتبلیغ کے فریضے کو ادا کیا' وہی طریقہ واسلوب آج بھی ہماری کامیابی کی ضمانت ہے۔ اس کتاب میں اسی عنوان کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے داعیان اسلام کے لیے یہ ایک راہنما کتاب ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● جریدہ: ماہنامہ ''ساحل'' کراچی   مدیرِ اعلیٰ: خالد بن حسن

ضخامت: ۹۴ صفحات   قیمت: ۱۰ روپے   دفتر رابطہ: بی ۴۲۶' سیکٹر الیون اے نارتھ ناظم آباد۔ کراچی

ماہنامہ ''ساحل'' کا یہ شمارہ ایک طویل تعطّل کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ اس میں مستقل موضوعات پر تحریریں شامل ہیں۔ جن میں بنیادی نوعیت کے مسائل، عالمی سطح پر امتِ مسلمہ کو درپیش مشکلات کا حل پیش کیا گیا ہے۔ عہد حاضر کے ادیبوں نے تمام مغربی اصطلاحات کو مشرقی تہذیب میں ڈھال دینے کا تہیہ کر رکھا ہے اور اس کو وہ زمانے کی ترقی تعبیر کرتے ہیں۔ حالانکہ مشرق کی تباہی کی سب سے بڑی وجہ اس میں مضمر ہے کہ وہ مغرب کی تقلید میں بگٹٹ ہو رہا ہے۔ اس جریدے میں مغربی فکر وفلسفہ اور مغربی اصطلاحات کا ناقدانہ جائزہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ سرمایہ داری اور سرمایہ دارانہ نظام کیا ہے؟ مغرب اور اسلام کا تصور خیر اور حق، فلسفۂ جمہوریت کا محاکمہ، مغربی استعمار اور امتِ مسلمہ کی ذمہ داری اس شمارے کے خاص اور نہایت وقیع تحقیقی مضامین ہیں۔ اس سے پہلے ''ساحل'' اپنے مختلف شماروں میں درج ذیل موضوعات پر مشتمل قابل قدر تحریریں پیش کر چکا ہے۔ مساجد، مدارس اسلام کی طاقت کے اصل مراکز ہیں' این جی اوز کا [redacted]

سے زیادہ ہے‘ بلاسود بنکاری کے نام پر منصوبے اصلاً سودی بنکاری ہیں۔ امریکہ دنیا کی تاریخ کا بدترین مگر بزدل ترین دہشت گرد‘ ضلعی حکومتوں کا نظام عالمی استعماری منصوبہ، شادی کی تقریبات میں بوہری فرقے کی زبردست اسلامی روایات‘ مشرق کا اصل مسئلہ کہ وہ مغرب بنتا جا رہا ہے‘ دہشت گردی کے خلاف دہشت گردوں کا اتحاد (افغانستان کے خلاف جنگ) ‘روس چین امریکہ دس کروڑ انسان قتل کر چکے‘ طالبان یا امریکہ...... تیسرا رستہ کوئی نہیں‘ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے حادثے میں چار ہزار یہودی کیسے بچ گئے؟ ان وقیع موضوعات پر مشتمل شمارے شائع کرنے پر ’’ساحل‘‘ کے مدیر اعلیٰ خالد بن حسن اور مدیران اشرف لودھی اور محمد طارق کی ہمت وکاوش قابل صد تحسین ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● کتاب: ورلڈ آرڈر اور پاکستان   مصنف: عبدالرشید ارشد

ضخامت: ۱۸۸ صفحات   قیمت: ۲۵ روپے   ناشر: النور ٹرسٹ (رجسٹرڈ) جوہر پریس بلڈنگ۔ جوہر آباد

جب سے دنیا وجود میں آئی ہے ہر دور کے حکمران نے ورلڈ آرڈر جاری کئے۔ نمرود‘ شدّاد‘ فرعون سے لے کر کلنٹن بش تک سب ایسے ہی منہ زور حکمرانوں کا ایک تسلسل ہے اور ان سب کا نعرہ ایک ہی رہا کہ ہم یہ سب کچھ بہبود کے لیے کر رہے ہیں۔ اس کے نفاذ کے بعد دنیا میں امن وسکون کا دور دورہ ہوگا‘ مگر زمانے کی نظر نے دیکھا اور ماضی حال اس بات کا شاہد ہے کہ انسانیت خسارے میں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر ورلڈ آرڈر کے بانی کے پیش نظر صرف اپنی حکمرانی‘ اپنی انائیت یا اس سے تھوڑا آگے اپنی قوم کے مفادات تھے اور آج بھی ہیں۔ محدود سوچ رکھنے والا انسان کبھی اپنے خول سے باہر آ کر کسی دوسرے کے لیے ایسا ورلڈ آرڈر بنائے جس سے دوسرے لوگ بھی وہی کچھ حاصل کریں ناممکن ہے۔ عقل ودانش سے قریب یہی بات نظر آتی ہے کہ انسانی فلاح کے لیے وہی ورلڈ آرڈر صحیح ثابت ہوسکتا ہے جو انسان کے خالق نے اس کے لیے وضع کیا ہے۔ جو اپنی تخلیق کی فطری خوبیوں اور خامیوں سے مکمل طور پر آگاہ ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ انسان کی گزری ہوئی زندگی اور آنے والے حالات سے بھی باخبر ہو۔

کتاب زیر نظر میں مختلف مضامین اسی حوالے سے سیر حاصل بحث کی گئی اور اس بات کی آگاہی کی ایک بہت ہی بلند پایہ کاوش ہے۔ جناب عبدالرشید ارشد ایک کہنہ مشق اور صحیح الفکر لکھاری ہیں۔ یہودیت وعیسائیت کی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں اور منصوبہ بندیاں اُن کی تنقید وتحقیق کے خاص موضوعات ہیں۔ اس کتاب میں بھی یہی روح کارفرما ہے۔ محترم عبدالرشید ارشد اس قابل قدر کوشش کے لیے بلاشبہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● علمائے دیوبند‘ عہد ساز شخصیات   مرتب: مولانا مجاہد الحسینی

ضخامت: ۴۰۰ صفحات   قیمت: ۳۰۰ روپے   ناشر: سیرت مرکز۔ ۶۵ بی پیپلز کالونی فیصل آباد

مولانا مجاہد الحسینی ایک کہنہ مشق صحافی، متبحر عالم دین اور اسلاف کی روایات کے امین ہیں۔ علامہ شبیر احمد عثمانی،